# 6 لین-دین کا کھیل

4311CH06

## کرکٹ میچ

انداز ہ لگائیے:
ہندوستان کو جیتنے کے لیے ضرورت ہوگی۔
(a) 100 سے زیادہ رنوں کی
(b) 100 سے کم رنوں کی۔

ایک کرکٹ میچ میں سری لنکا نے 235 رن بنائے۔
ابھی تک ہندوستان نے 123 رن بنائے ہیں۔
ہندوستان کو جیتنے کے لیے اور کتنے رن کی ضرورت ہے؟
جیتنے کے لیے ہندوستان کو 236 رن بنانے ہیں۔
ہندوستان کو جیتنے کے لیے اور کتنے رن چاہئیں؟
236-123=?




چلو گھٹاتے ہیں۔ پہلے 1 سے
دوسرا 1 لیتے ہوئے۔



| | 100 | 10 | 1 | |
|---|---|---|---|---|
| جیت کے رن | 2 | 3 | 6 | 100 100 10 10 10 1 1 1 1 1 1 |
| – ہندوستان کے رن | 1 | 2 | 3 | 100 10 10 1 1 1 |
| ضروری رن | 1 | 1 | 3 | |

اب ہمارے پاس بچے
100 10 1 1 1

ہندوستان کو جیت کے لئے چاہئے 113 رن

© NCERT not to be republished


## اپنے آپ کر کے دیکھو

گیتا کے پرس میں 368 روپے ہیں۔

اس نے 123 روپے کی ایک کتاب خریدی۔

اس کے پرس میں کتنے روپے باقی بچے ؟

اس کے پرس میں بچے ہوئے روپے 368-123 = — روپے ؟







| | 100 | 10 | 1 | |
|---|---|---|---|---|
| گیتا کے پرس میں روپے | 3 | 6 | 8 | 100 100 100 · 10 10 10 10 10 10 · 1 1 1 1 1 1 1 1 |
| – کتاب کی قیمت | 1 | 2 | 3 | 100 · 10 10 · 1 1 1 |
| | | | | |

ٹیچر کو صلاح و مشورہ کرنا چاہیے کہ کون سا عدد اوپر رکھا جائے گا اور کیوں؟

© NCERT not to be republished

# کیا آپ نبیلہ کی مدد کر سکتے ہیں؟

نبیلہ کی ماں نے اس کو کچھ سامان خریدنے کے لیے بازار بھیجا۔ اس نے اس کو 245 روپے دیئے۔ نبیلہ نے 127 روپے میں ایک کلوگرام گھی خریدا۔ دوکاندار نے اسے 98 روپے واپس کیے۔





(کلوگرام کو کلو بھی کہتے اور لکھتے ہیں۔)

کیا دوکاندار نے اسے ٹھیک رقم واپس کی؟

آیئے اس کا پتہ لگاتے ہیں۔

| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
| نبیلہ کے پاس کل روپے تھے | 2 | 4 | 5 |
| گھی کی قیمت − | 1 | 2 | 7 |
| | | | |




ہم پانچ 1 میں سے سات 1 نہیں نکال سکتے۔

اس لئے 10 ادھار لئے۔

10 ہے 1 1 1 1 1 1 1 1 1 1

اب 15 1 ہو گئے

| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
| | 2 | ~~4~~ 3 | 5 (1) |
| − | 1 | 2 | 7 |
| | | | |




© NCERT not to be republished




2019-20

| 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|
| 2 | ~~4~~ (3) | 5 (1) |
| − 1 | 2 | 7 |
| | | |




پہلے پندرہ 1 میں سے
سات 1 باہر نکالنے پر
باقی آٹھ 1 بچے گا؟

| 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|
| 2 | ~~4~~ (3) | 5 (1) |
| − 1 | 2 | 7 |
| | | 8 |



اب 10 باہر نکالنے پر
صرف ایک 10 بچا

| 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|
| 2 | ~~4~~ (3) | 5 (1) |
| − 1 | 2 | 7 |
| 1 | 1 | 8 |



اب ایک 100 باہر نکالنے
پر صرف ایک 100 ہی بچا

اس لئے بچے ہوئے ٹوکن یہ ہونے چاہئیں۔

100 10 1 1 1 1 1 1 1 1

دوکاندار کو تو 118 روپے واپس دینے چاہیے تھے۔

دوکاندار نبیلہ کو اور کتنے روپے واپس کرے گا؟


© NCERT not to be republished

## مشق کا وقت

1- کچھوے کا بچہ 33 سال کا ہے۔اس کی ماں 150 سال کی ہے۔ کچھوے کا بچہ اپنی ماں سے کتنا چھوٹا ہے؟

کچھوے کی ماں کی عمر 150 سال ہے۔

کچھوے کے بچے کی عمر 33 سال ہے۔



| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
| | 1 | 4̶5 | 10 |
| − | | 3 | 3 |
| | 1 | 1 | 7 |

کچھوے کا بچہ اپنی ماں سے 117 سال چھوٹا ہے۔

2- اروِند نے کہانی کی ایک کتاب کے 69 صفحے پڑھے۔ گوری نے اسی کہانی کی کتاب کے 95 صفحے پڑھے۔

کس نے زیادہ صفحے پڑھے اور کتنے زیادہ؟




| | 10 | 1 |
|---|---|---|
| | 9 | 5 |
| − | 6 | 9 |
| | | |

استاد طلبا سے خود سوچنے کے لیے کہیں کہ وہ سوال کو حل کرنے کے لیے کیا کریں گے۔ جمع، تفریق، ضرب یا تقسیم۔ایسی بہت ساری مشقیں کرائی جانی چاہئیں جہاں طلبا مناسب عمل کا فیصلہ لیں۔



2019-20

© NCERT not to be republished

3- رینا نے اپنے گھر کے بجلی کے میٹر کو پڑھا۔ پچھلے مہینے میٹر میں 118 یونٹ تھے۔ اس مہینے کی 193 ہو گئے ہیں۔
اس نے ایک مہینے میں کتنی بجلی کا استعمال کیا ہے؟

پچھلے مہینے کی ریڈنگ ____________

اس مہینے کی ریڈنگ ____________




| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
| | 1 | 9 | 3 |
| − | 1 | 1 | 8 |
| | | | |

اس نے کل ____________ یونٹ بجلی کا استعمال کیا۔

4- خوشبو نے ایک شرٹ 125 روپے اور پینٹ 165 روپے کی خریدی۔ اس نے کل ملا کر کتنی رقم خرچ کی؟

____________ روپے کی شرٹ خریدی

____________ روپے کی پینٹ خریدی




| | 100 | 10 | 1 |
|---|---|---|---|
| | 1 | 6 | 5 |
| + | 1 | 2 | 5 |
| | | | |

اس نے کل ____________ روپے خرچ کیے۔

© NCERT not to be republished

5- مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 17 − 3 | 14 + 3 | 39 − 10 | 12 + 24 | 86 − 58 |



| | | | |
|---|---|---|---|
| 139 − 110 | 237 + 213 | 325 − 204 | 474 − 136 |

| | | |
|---|---|---|
| 642 − 413 | 49 + 20 | 135 + 146 |



6- اپنے جوابات کی خود جانچ کیجیے:

**236** − 114 = 122 → 122 + 114 = **236**

**340** − 28 = 312 → 312 + 28 = **340**

© NCERT not to be republished

6- ریشماں نے تفریق کے کچھ سوال کیے۔ اس نے سوال صحیح کیے ہیں یا نہیں اس کی جانچ کے لیے آپ جمع کا استعمال کیجیے۔ ہر صحیح جواب کے لیے ایک (✓) کا نشان لگائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | **3** | **8** | **4** |
| − | 2 | 4 | 3 |
| | 1 | 4 | 1 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | 1 | 4 | 1 |
| + | 2 | 4 | 3 |
| | **3** | **8** | **4** |

✓

| | | | |
|---|---|---|---|
| | 4 | 6 | 8 |
| − | 1 | 3 | 9 |
| | 2 | 2 | 1 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| + | | | |
| | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | 3 | 5 | 6 |
| − | 2 | 4 | 7 |
| | 1 | 1 | 9 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| + | | | |
| | | | |

| | | |
|---|---|---|
| 4 | 6 | 8 |
| 2 | 2 | 4 |
| 2 | 4 | 4 |

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

7- رنگین خانوں میں چھوٹ گئے اعداد کو لکھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| | 7 | 8 |
| − | 3 | |
| | | 5 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | 2 | 1 | |
| − | 1 | | 7 |
| | | 3 | 2 |

| | | |
|---|---|---|
| | | 6 |
| − | 3 | |
| | 6 | 0 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | 4 | 4 |
| − | 2 | 3 | 8 |
| | 2 | | |





استاد طلبا کو غلط جوابات کو آپس میں بات چیت کر کے درست کرنے کے لیے بڑھاوا دیں۔ بچوں کو دوسروں کی غلطیاں سدھارنے میں مزہ آتا ہے۔ (تھوڑے سے بدلاؤ کے لئے) اور وہ اس عمل سے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

# آیئے خط بانٹیں


ہمارا ڈاکیہ چاچا آج بیمار ہے۔ آیئے ہم ان کے بدلے چٹھیاں (خط) بانٹتے ہیں۔



| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 481 | 482 | 483 | 484 | 485 | 486 | 487 | 488 | 489 | 490 |
| 471 | 472 | 473 | 474 | 475 | 476 | 477 | 478 | 479 | 480 |
| 461 | 462 | 463 | 464 | 465 | 466 | 467 | 468 | 469 | 470 |
| 451 | 452 | 453 | 454 | 455 | 456 | 457 | 458 | 459 | 460 |
| 441 | 442 | 443 | 444 | 445 | 446 | 447 | 448 | 449 | 450 |
| 431 | 432 | 433 | 434 | 435 | 436 | 437 | 438 | 439 | 440 |

ہر خط پر درست کمرہ نمبر لکھئے اور پھر اس مکان میں یہ کمرہ نمبر معلوم کر کے اس کے اوپر دائرہ بنایئے۔

کمرہ نمبر 455 پر دائرہ بنایئے۔





استاد طلبا کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اوپر دیئے گئے چارٹ کا استعمال کر کے ان سوالات کو ذہنی طور پر حل کریں۔

# گمشدہ اعداد کا پتہ لگایئے

اعداد کے پیٹرن کو دیکھیے اور گمشدہ اعداد کا پتہ لگایئے۔


a) 100, 200, 300, ___, ___, 600, ___

b)





c) 50, 100, 150, 200, ___, ___, ___, ___

d)




e)





f) 280, 260, 240, ___, ___, ___, ___


g) 125, 150, 175, 200, ___, 250, ___, ___

© NCERT not to be republished


# ذہنی حساب





A.





B.




C.




D.





© NCERT not to be republished

## مشق کا وقت



1- اندو کی پنسل 15 سینٹی میٹر لمبی ہے۔
جیوتی کی پنسل 8 سینٹی میٹر لمبی ہے۔
کس کی پنسل زیادہ لمبی ہے؟ اور کتنی زیادہ لمبی ہے؟

2- اپنے پاپا یا امی سے پوچھیے
1 کلوگرام نمک کی قیمت ____
1 کلوگرام چینی کی قیمت ____
ان میں سے کون سی چیز مہنگی ہے اور کتنی زیادہ مہنگی ہے؟






(3) اجے کو روٹی پکانے میں 25 منٹ لگے اور پھر دال پکانے میں 15 منٹ لگے۔ اس کو دونوں چیزوں کو پکانے میں کل ملا کر کتنا وقت لگا؟

4- چنچل اسکول کے لئے سویٹر بیچتی ہے۔ پچھلے دو دنوں میں اس نے لال، نیلے، اور سرمئی رنگ کے سویٹر بیچے۔

| | سرمئی | نیلے | لال |
|---|---|---|---|
| پہلے دن بکنے والے سویٹروں کی تعداد | 74 | 66 | 38 |
| دوسرے دن بکنے والے سویٹروں کی تعداد | 89 | 23 | 40 |

اوپر دیئے گئے چارٹ کو دیکھیے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے :
(a) ان دو دنوں میں چنچل نے کتنے سرمئی سویٹر بیچے؟
(b) کیا اس نے ان دو دنوں میں نیلے کے مقابلے لال سویٹر زیادہ بیچے؟

© NCERT not to be republished

(c) اس نے پہلے دن کتنے لال اور سرمئی سوئٹر بیچے؟ صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

(i) 120 سے زیادہ ☐ (ii) 120 سے کم ☐

(d) دوسرے دن اس نے کل ملا کر کتنے سوئٹر بیچے۔ 140 سے زیادہ یا 140 سے کم ؟ صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگاؤ۔

(i) 140 سے زیادہ ☐ (ii) 140 سے کم۔ ☐

## 5- کیا سنگیتا درست ہے؟

سنگیتا اپنے دادا کے ساتھ بازار گئی۔




اس نے وہاں رکھی چیزوں کی قیمتوں کو دیکھا اور اپنے دادا سے بولی ______

(i) گھی بسکٹوں سے 102 روپے مہنگا ہے۔ ☐

(ii) گھی اور تیل دونوں کی قیمتیں کل ملا کر 200 روپے سے زیادہ ہیں۔ ☐

(iii) گھی کے ٹین اور دس کلوگرام چاولوں کی قیمت کل ملا کر 300 روپے سے کم ہے۔ ☐

(iv) تیل کی قیمت بسکٹ کے پیکٹ سے 40 روپے زیادہ ہے۔ ☐

کیا سنگیتا ٹھیک کہہ رہی ہے؟ اوپر دیئے گئے خانوں میں (✓) یا (×) کا نشان لگایئے۔

کیا آپ لکھے بغیر اس کو معلوم کر سکتے ہیں؟



2019-20

# کہانی پر مبنی سوال

نشا اور سونو سوال بنانے کا ایک کھیل کھیل رہے تھے۔ نشا نے کہا: ایک کلاس میں 13 لڑکے اور 14 لڑکیاں ہیں۔ سونو کیا تم اس پر ایک سوال بنا سکتے ہو؟

سونو نے لکھا

| |
|---|
| کلاس میں 13 لڑکے اور 14 لڑکیاں ہیں۔ |
| تو کل ملا کر کتنے طالب علم ہیں؟ |

آپ بھی اس طرح کے سوال بنانے کا یہ کھیل اپنے دوستوں کے ساتھ کھیل سکتے ہیں۔ نیچے دی گئی تصاویر میں کہانی چھپی ہے۔ ہر تصویر کے سامنے لکھے الفاظ کو پڑھئے اور تصویر کے نیچے اپنے سوال کو لکھئے۔


(a) 36 مرد اور 52 عورتیں ایک لائن میں کھڑے اپنی باری کا انتظار کر رہے ہیں۔




| |
|---|
| |
| |

(b) ہم نے دوپہر کا کھانا 20 منٹ میں کھایا اور پھر 15 منٹ کھیل کھیلا۔





(c) پوسٹ آفس شاہد کے گھر سے ایک کلومیٹر ہے اور اس کے اسکول سے 2 کلومیٹر ہے۔



(d) بنٹی نے 27 کہانی کی کتابیں پڑھیں اور ببلی نے 24 کہانی کی کتابیں پڑھیں۔




© NCERT
not to be republished


# تفریق کے لیے گنو!

ڈولما نے 4 درجن (48) کیلے خرید ے۔ اور اپنے ہر دوست کو ایک کیلا دیا۔ اب 13 کیلے بچے رہ گئے۔ دوستوں کو کتنے کیلے ملے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اس کا پتہ 13 سے آگے گن کر لگایا جاسکتا ہے۔ یہ آسان ہوگا کہ ہم 10 کی چھلانگ لگاتے ہوئے گنیں۔ آپ چاہیں تو صفحہ 29 پر دکھائے کٹو کے گھر کا استعمال کر سکتے ہیں۔




48-13




10 + 10 + 10 + 5 = 35

اس لئے 48 – 13 = 35


A. 56 – 37 = ?




10 + 10 – 1 = ____

اس لئے 56 – 37 = ☐

B. 60 – 45 = ?





5 + 10 = ____

اس لئے 60 – 45 = ☐



C. 80 – 59




____ + ____ + ____ = ☐

اس لئے 80 – 59 = ☐

D. 85 – 63 = ☐

E. 84 – 69 = ☐

F. 60 – 20 = ☐

G. 90 – 50 = ☐

© NCERT not to be republished


## راجہ کے تمام گھوڑے

ایک راجہ تھا۔ وہ صرف 9 تک گنتی گن سکتا تھا۔ آپ کو کہاں تک گنتی آتی ہے؟

راجہ کو گھوڑوں کا بہت شوق تھا۔ لیکن وہ اپنے تمام گھوڑے کبھی نہیں گن پاتا تھا۔ اس لئے اس نے اپنے گھوڑوں کو کچھ اس طرح ترتیب دے کر رکھا تھا کہ اس کو ہر طرف سے 9 سے زیادہ گننے کی ضرورت ہی نہ پڑے۔








راجہ کے پاس کل کتنے گھوڑے تھے؟__________

© NCERT not to be republished

ایک دن اپنے چار گھوڑوں کے ساتھ ایک مسافر وہاں آیا۔ رات بہت ہوگئی تھی اس لیے وہ رات کو وہیں رکنا چاہتا تھا۔ لیکن گھوڑوں کا رکھوالا ان گھوڑوں کو رکھتے ہوئے ڈر رہا تھا۔ اس نے کہا، نا بابا نا، راجہ کو پتہ چل گیا تو بس ہوگئی چھٹی۔ مسافر نے اس سے کہا گھبراؤ نہیں راجہ کو کبھی بھی پتہ نہیں چلے گا۔ مسافر نے گھوڑوں کو کچھ اس ترتیب سے رکھا۔

| | | |
|---|---|---|
| 2 | 5 | 2 |
| 5 | | 5 |
| 2 | 5 | 2 |


اب یہاں کتنے گھوڑے ہیں؟__________



رات کو راجہ گھوڑے گننے آیا۔ ہر طرف سے اس نے گھوڑوں کو گنا چونکہ 9 ہی تھے۔ اس نے کہا ہاں! سب ٹھیک ہے اور گھوڑے گن کر خوشی خوشی سونے چلا گیا۔

© NCERT not to be republished

اگلے دن صبح اس چالاک آدمی نے ایک اور ترکیب لگائی ۔اس نے نہ صرف اپنے چار گھوڑے نکال لیے بلکہ وہ راجہ کے بھی کچھ گھوڑے لے کر بھاگ گیا۔اس نے راجہ کے باقی بچے ہوئے گھوڑوں کو اس طرح سے کھڑا کر دیا۔




بے وقوف راجہ کو تو کچھ بھی پتا نہیں چلا کہ اس کے گھوڑے کم ہو گئے ہیں۔کیا آپ راجہ کو بتا سکتے ہیں؟

اب کتنے گھوڑے باقی بچے ؟ ____________


راجہ کے کتنے گھوڑے وہ مسافر لے گیا؟

(یہ ایک تامل لوک کہانی پر موقوف ہے۔اسے ''عددی شمار'' نام کی کتاب سے لیا گیا ہے۔)

## پہیلی



ہم کون سے اعداد ہیں؟
اگر ہم دونوں کو جمع کریں تو 100 ملے گا؟
اور ہم دونوں کے بیچ کا فرق بھی 100 ہے۔



© NCERT not to be republished